
علم میراث
ڈاکٹر حافظ انس نضر

# عصبہ بالغیر (مسئلہ تشبیب) اور مع الغیر کی وضاحت ومثالیں

## ماڈیول ۱۰

أَلْحِقُوا الْفَرَآئِضَ بِأَهْلِهَا فَمَا بَقِيَ فَلِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ (البخاری: 6737)

میراث اس کے حقدار تک پہنچادو اور جو باقی رہ جائے وہ سب سے قریب والے مرد کو دے دو۔

# عصبہ کی تعریف

وہ ورثا جن کا حصہ کتاب وسنت میں موجود تو ہے، مقرر نہیں: مثلاً

**باپ** ﴿فَإِن لَّمۡ يَكُن لَّهُۥ وَلَدٌ وَوَرِثَهُۥٓ أَبَوَاهُ فَلِأُمِّهِ ٱلثُّلُثُ﴾

**بھائی** ﴿وَهُوَ يَرِثُهَآ إِن لَّمۡ يَكُن لَّهَا وَلَدٌ﴾

# عصبہ کی اقسام

**عصبہ نسبی:** وہ عصبہ جو نسب سے بنتے ہیں

**عصبہ بالنفس:** وہ مرد جن میں اور میت میں عورت کا واسطہ نہ ہو۔


(بیٹا، پوتا، باپ، دادا، بھائی، علاتی بھائی، بھتیجا، علاتی بھتیجا، چچا، علاتی چچا، چچازاد، علاتی چچازاد)

اسی ترتیب سے یہ عصبہ بنتے ہیں۔

**عصبہ بالغیر:** بیٹی بیٹے کے ساتھ، پوتی پوتے کے ساتھ، حقیقی بہن بھائی کے ساتھ، علاتی بہن علاتی بھائی کے ساتھ (لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ (القرآن))

**عصبہ مع الغیر:** بہن (بیٹی اور پوتی کے ساتھ)، علاتی بہن (بیٹی اور پوتی کے ساتھ)

**عصبہ سببی:** معتق، معتقہ اور ان کے عصبہ بالنفس


عصبہ
عصبہ سببی
عصبہ نسبی
عصبہ مع الغیر
عصبہ بالغیر
عصبہ بالنفس
ع بہن (بیٹی، پوتی)
بہن (بیٹی، پوتی)
علاتی بہن (ع بھائی)
حقیقی بہن (بھائی)
پوتی (پوتا)
بیٹی (بیٹا)

# عصبہ کے احکام

1. اگر ورثا میں اصحاب الفرائض اور عصبہ دونوں موجود ہوں اور اصحاب الفرائض کو ان کا فرضی حصہ دینے کے بعد کچھ بچ جائے، تو وہ سارا عصبہ کو دے دیا جائے گا۔

مثلاً (شوہر، بیٹی، بیٹا، پوتا)، (بیٹی، بھائی، بھتیجا)

2. اگر اصحاب الفرائض کو ان کا حصہ دینے کے بعد باقی کچھ نہ بچے تو عصبہ کو کچھ نہ ملے گا۔

مثلاً (شوہر، بہن، بھتیجا)، (بہن، علاتی بہن، اخیافی بہن، اخیافی بھائی، چچا)

3. اگر اصحاب الفرائض موجود نہ ہوں تو عصبہ کل مال کے وارث ہوں گے۔ مثلاً (باپ یا بھائی یا بیٹا)

لِلْبِنْتِ النِّصْفُ، وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةً لِلثُّلُثَيْنِ، فَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ

(البخاري)

بیٹی کو آدھا ملے گا، پوتی کو چھٹا حصہ ملے گا، اس طرح دو تہائی پوری ہو جائے گی اور پھر جو باقی بچے گا وہ بہن کو ملے گا۔

# عصبہ بالغیر کی مثالیں

(بیٹی، بیٹا)، (2 پوتیاں، پوتا)، (پوتی ، پڑپوتا)، (بیٹا، پوتی، پوتا)، (بیٹی، 2پوتیاں)، (بیٹی، پوتی، پوتا)، (بیٹی، پوتی، پڑپوتی)، (2 بیٹیاں، پوتی، پوتا)، (بیٹی، 2پوتیاں، پڑپوتا)، (2بیٹیاں، پوتی، پڑپوتا)، (بیٹی، پوتی، پڑپوتی، پڑپوتے کا بیٹا)، (بیٹی، پوتی، پڑپوتی، پڑپوتے کی بیٹی، پڑپوتے کا بیٹا)

(پوتیوں کی مزید وضاحت اگلے پیج پر)

(بہن، بھائی)، (علاتی بہن، 2 علاتی بھائی)، (بہن، علاتی بھائی)، (بھائی، علاتی بہن)، (بہن، 2 علاتی بہنیں)، (2بہنیں، علاتی بہن)، (بہن، علاتی بہن، علاتی بھائی)، (2بہنیں، علاتی بہن، علاتی بھائی)

# پوتا پوتی کی حالتیں

1. اگر پوتا اوپر درجہ کا ہو تو وہ نیچے درجہ کی پوتیوں کو محروم کر دے گا۔ (جیسے پوتا، پڑپوتی)

2. اگر پوتا اور پوتی ایک درجہ کے ہوں تو پوتا برابر کی پوتی کو لازماً عصبہ بنائے گا۔ (مثلاً پوتا، پوتی یا پڑپوتا، پڑپوتی)

3. اگر پوتا نیچے درجہ کا ہو تو اوپر درجہ کی پوتیوں کو صرف فرضی حصہ نہ ملنے کی صورت میں عصبہ بنائے گا، اگر وہ فرضی حصّہ لے رہی ہے تو عصبہ نہیں بنائے گا۔ (مثلاً 2 بیٹیاں، پوتی، پڑپوتا)


# عصبہ مع الغیر کی مثالیں

(بیٹی، بہن)، (پوتی، علاتی بھائی)، (بہن، علاتی بہن)، (پڑپوتی، علاتی بہن)، (2 بیٹیاں، بہن، علاتی بہن)، (3پوتیاں، 2بہنیں، علاتی بھائی)، (بیٹی،پوتی،بہن،علاتی بہن)، (2بیٹیاں،پوتی،بہن)، (پوتا،بہن)

# مسئلہ تشبیب

شبیب کا معنیٰ 'روشن کرنا' ہے، چونکہ اس مسئلہ سے پوتیوں کے حصے کی خوب وضاحت ہوتی ہے لہٰذا اسے 'تشبیب' کہا جاتا ہے۔

زید کے تین بیٹے عمرو، بکر اور خالد ہیں۔ زید فوت ہوا تو اس کی وارث صرف نو پوتیاں زندہ ہیں: تین عمرو سے، تین بکر سے اور تین خالد سے۔ لیکن یہ پوتیاں ایک درجہ میں نہیں ہیں، نیچے موجود نقشہ دیکھیں:


زید
عمرو
بکر
خالد
پوتی 1
پوتا 3
پوتا 2
پوتا 1
پوتی 3
پوتا 6
پوتی 2
پوتا 5
پوتا 4
پوتی 6
پوتی 5
پوتا 8
پوتی 4
پوتا 7
پوتی 8
پوتی 7
پوتا 9
پوتی 9
پوتا 10

❖ اس مثال میں پوتی نمبر 1 'نصف' لے گی، اور پوتی 2 اور 3 "ثلثان' مکمل کرنے کیلئے 'سدس' میں برابر شریک ہوں گی، جبکہ باقی چھ پوتیوں کو کچھ نہیں ملے گا کیونکہ 'دو تہائی' اوپر مکمل ہو چکا ہے اور اولاد اور بہنوں میں صرف عورتیں خواہ وہ کتنی زیادہ ہوں "ثلثان' سے زیادہ نہیں لے سکتیں۔

❖ اگر ان چھ پوتیوں میں سے کسی کے برابر یا نیچے درجہ میں کوئی پوتا زندہ ہو تو وہ اپنے درجہ کی تمام اور اوپر درجہ کی ان پوتیوں کو۔ جنہوں نے فرضی حصہ نہیں لیا عصبہ بالغیر بنادے گا اور باقی ایک تہائی ان کے مابین بمطابق لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ تقسیم ہو گا۔ مثلاً اگر پوتا نمبر 7 زندہ ہو تو پوتی 4 تا 6 عصبہ بالغیر ہوں گی اور نیچے کی پوتیاں محروم۔ اور اگر پوتا نمبر 10 زندہ ہو تو وہ تمام پوتیوں (4 تا 9 نمبر) کو عصبہ بالغیر بنادے گا۔